سوال

جس انسان نے رات کے ابتدائی حصہ میں وتر پڑھ لیئے ہوں اور پھر وہ۔۔۔

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

اگر میں نے رات کے ابتدائی حصہ میں وتر پڑھ لیئے ہوں اور پھر آخری حصہ میں بھی اٹھ کھڑا ہوں تو کس طرح نماز پڑھوں؟

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!
الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

جب آپ نے رات کے ابتدائی حصہ میں وتر پڑھے اور پھر اللہ تعالیٰ آخری حصہ میں بھی اٹھنے کی توفیق عطا فرما دے تو جتنی اللہ تعالیٰ توفیق عطا فرمائے۔ دو دو رکعات کر کے پڑھیے۔ وتر دوبارہ نہ پڑھیے کیونکہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کا ارشاد ہے کہ:

لا وتران فی لیلۃ (سنن ابی داؤد)

''ایک رات میں دوبار وتر نہیں ہیں۔''

حضرت عائشہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے مروی حدیث ثابت ہے کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم وتر کے بعد بیٹھ کر دو رکعت نماز پڑھا کرتے تھے۔ اور اس میں حکمت یہی ہے کہ لوگوں کو یہ بتایا جائے کہ وتر کے بعد بھی نماز جائز ہے۔

ھذا ما عندی واللہ اعلم بالصواب

فتاویٰ اسلامیہ

ج1ص439